سوال

موبائل یا کیمرے سے تصویر بنانا

جواب

سوال : موبابل یا کیمرے سے تصاویر بنانے کے بارے مین اسلام کیا کہتا ھے ؟ تفصیل سے بتائیے

جواب : تصویر کے مسئلہ میں اہل علم کا بہت اختلاف ہے ۔ اس کے لیے آپ ماہنامہ محدث کے تصویر نمبر کا مطالعہ کریں ۔
راقم کو ذاتی طوران اہل علم کی رائے پسند ہے جن کے نزدیک تصویر کی حرمت کی اصل علت تخلیق میں مشابہت ہے لہذا صرف ہاتھ سے بنائی ہوئی تصاویر اور مجسمے حرام ہیں جبکہ کیمرے یا ویڈیو کی تصویر اصلا جائز ہے لیکن اگر اس میں بھی کوئی خارجی قباحت آ جائے مثلا کیمرہ سے بنی ہوئی پیر و مرشد کی تصویر کو تعظیم کے لیے گھر میں لٹکانا تو اس خارجی قباحت کی سبب سے وہ تصویر بھی ممنوع ہو جائے گی ۔ واللہ اعلم بالصواب